SCHOOL-BASED ASSESSMENT (SBA) - 2025
END-OF-YEAR ASSESSMENT

FINAL TERM

SUBJECT: ETHICS
GRADE-8

School Name: ____________________

Student Name : ____________ **Roll Number :** ____________ **Section :** ____________

حصہ اول: معروضی سوالات

سوال نمبر 1: انسانی زندگی میں توازن برقرار رکھنے کا ضامن ہے:

(a) سائنس (b) مذہب
(c) سرمایہ (d) خاندان

سوال نمبر 2: ہندو دھرم میں مندروں میں عبادت کرانے کے فرائض سُپرد ہوتے ہیں:

(a) ویشوں کے (b) شودروں کے
(c) برہمنوں کے (d) کھشتریوں کے

سوال نمبر 3: مسیحی اپنی عبادت کرتے ہیں:

(a) گوردوارہ میں (b) گرجا گھر میں
(c) اسٹوپا میں (d) مندر میں

سوال نمبر 4: مسیحوں کی مذہبی کتابوں کا مجموعہ ہے:

(a) انجیل (b) تورات
(c) بائبل (d) زبور

سوال نمبر 5: ارکان اسلام میں حج کا نمبر ہے:

(a) دوسرا (b) تیسرا
(c) چوتھا (d) پانچواں

سوال نمبر 6: ایسی معاشی حالت جس میں انسان بنیادی ضروریات پوری کرنے کے قابل نہ ہو، کہلاتی ہے:

(a) غربت (b) تجارت
(c) ضرورت (d) امارت

سوال نمبر 7: سرکاری و غیر سرکاری سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کام سرانجام دے رہے ہیں:

(a) خصوصی افراد کے لیے (b) اساتذہ کے لیے
(c) تاجروں کے لیے (d) غیر ملکیوں کے لیے

سوال نمبر 8: حضرت محمد خاتم النبیین ﷺ کے فرمان "بہترین انسان وہ ہے جو دوسروں کو نفع پہنچائے" سے سبق ملتا ہے:

(a) انسانوں کا احترام کرنے کا (b) انسانوں سے نفرت کا
(c) انسانوں سے کاروبار کرنے کا (d) انسانوں کی خدمت کا

سوال نمبر 9: دنیا بھر میں مدر ٹریسا کو سمجھا جاتا ہے:

(a) کونسلنگ کرنے والی خاتون (b) امیر ترین خاتون
(c) قابل احترام خاتون (d) کاروباری خاتون

سوال نمبر 10: مذہب نے بہت زیادہ زور دیا ہے:

(a) انسانی فلاح و بہبود پر (b) معاشی سرگرمیوں پر
(c) سائنس کی ترقی پر (d) سیر و تفریح پر

سوال نمبر 11: جنگ عظیم دوم کے بعد عالمی ادارہ وجود میں آیا:

(a) سارک (b) یورپی یونین
(c) اقوام متحدہ (d) او آئی سی

سوال نمبر 12: ایمانداری، عفو درگزر، برداشت اور مثبت سوچ، یہ تمام وصف ہیں:

(a) سست انسان کے (b) اچھے انسان کے
(c) غریب انسان کے (d) چالاک انسان کے

سوال نمبر 13: کنفیوشس کی تعلیمات کے اثرات چین پر چھائے رہے:

(a) دو ہزار سال تک (b) تین ہزار سال تک
(c) چار ہزار سال تک (d) پانچ ہزار سال تک

سوال نمبر 14: ہماری اندرونی کیفیت اور رویے کا اصول ہے:

(a) نظریہ "لی" کا (b) نظریہ "ی" کا
(c) نظریہ "جن" کا (d) نظریہ "چی" کا

سوال نمبر 15: کنفیوشس کا نظریہ جو ہر فرد کو اپنی فطرت کے مطابق کام کرنے کی اجازت دیتا ہے:

(a) نظریہ "لی(LI)" (b) نظریہ "ی(YI)"
(c) نظریہ "جن(Jan)" (d) نظریہ "چی(Chih)"

سوال نمبر 16: "انسان کو اپنی برادری کا رکن بننا چاہیے اور پھر عالمی برادری کی جانب بڑھنا چاہیے" یہ قول ہے:

(a) کنفیوشس کا (b) رتھ فاؤ کا
(c) عبدالستار ایدھی کا (d) لاؤزے کا

سوال نمبر 17: تاؤازم کے پیروکاروں کی بڑی تعداد کا تعلق ہے:

(a) بھارت سے (b) عرب سے
(c) جاپان سے (d) چین سے

سوال نمبر 18: لاؤزے کے فلسفے کے مطابق حقیقت مطلق کو جاننا انسانوں کے لئے ہے:

(a) آسان کام (b) مشکل کام
(c) پسندیدہ کام (d) اصلاحی کام

سوال نمبر 19: لاؤزے کی تعلیمات میں تاؤ ہے:

(a) غیر متحرک (b) متحرک
(c) قابل تقسیم (d) قابل علاج

سوال نمبر 20: ہندومت کا دوسرا نام ہے:

(a) تاؤازم (b) سناتن دھرم
(c) زرتشت (d) مسیحیت

سوال نمبر 21: ہندوؤں کا تہوار ہولی منایا جاتا ہے:

(a) فروری کے مہینے میں (b) مارچ کے مہینے میں
(c) اپریل کے مہینے میں (d) مئی کے مہینے میں

سوال نمبر22: بیساکھی / وساکھی کے موقع پر سرانجام دیے جانے والے کام ہیں:

(a) نہانا، خصوصی دُعائیں مانگنا اور پرشاد بانٹنا
(b) نہانا، روٹھے ہوؤں کو منانا اور پرشاد بانٹنا
(c) بھاگنا، روٹھے ہوؤں کو منانا اور گھڑ سواری
(d) نہانا، روٹھے ہوؤں کو منانا اور خصوصی دُعائیں مانگنا

سوال نمبر23: ایسٹر کا تہوار مناتے ہوئے ہم فروغ دیتے ہیں:

(a) دوستی کو
(b) رواداری کو
(c) تحائف دینے کو
(d) علم بانٹنے کو

سوال نمبر24: مختلف طبقوں میں وحدت اور تعاون پیدا کرنا کہلاتا ہے:

(a) قربانی
(b) اخوت
(c) احساس
(d) قومی یکجہتی

سوال نمبر25: عوام کے احساس تحفظ کے ختم ہو جانے اور معاشرتی مسائل کے بڑھ جانے کی اہم وجہ ہے:

(a) آئین سازی
(b) یکجہتی
(c) رسم ورواج
(d) قانون شکنی

سوال نمبر26: بہتر معاشی پالیسیاں تب بنتی ہیں جب:

(a) آئین مضبوط ہوں
(b) ہتھیار مضبوط ہوں
(c) ادارے مضبوط ہوں
(d) جذبے مضبوط ہوں

سوال نمبر27: حکومت کے مقاصد اور ترجیحات کا تعین کرنے والا عنصر ہے:

(a) آئین
(b) تعلیم
(c) عدالت
(d) عوام

سوال نمبر28: عمومی گفتگو سے پرہیز کرنا چاہیے:

(a) پارکوں میں
(b) گلی محلوں میں
(c) عبادت گاہوں میں
(d) گھروں میں

سوال نمبر29: دوسرے شخص سے ہاتھ ملاتے وقت عمل اختیار کرنا چاہیے:

(a) نرمی سے ہاتھ ملانے کا
(b) نظر انداز کرنے کا
(c) ہاتھ کھینچنے کا
(d) زور سے دبانے کا

سوال نمبر30: راجھستان کی شہزادی میرابائی پوجا کرتی تھی:

(a) بھگوان وشنو کی
(b) بھگوان شری رام کی
(c) بھگوان شری کرشن کی
(d) بھگوان گورونانک کی

سوال نمبر31: ابراہام لنکن کی زندگی کے مطابق کامیابی کا راز ہے:

(a) صحت وصفائی
(b) نصابی اور غیر نصابی سرگرمیاں
(c) وقت کی پابندی
(d) محنت کا جذبہ اور لگن

سوال نمبر32: احمد بن مسکویہ کے مطابق، نیک کام کرنے چاہیے:

(a) معاشی کامیابی کے لیے
(b) مذہبی کامیابی کے لیے
(c) اُخروی کامیابی کی لیے
(d) دنیاوی کامیابی کے لیے

حصہ دوم: انشائیہ سوالات

سوال نمبر33

i) مسیحّیت مذہب کی تعلیمات بیان کریں۔(نمبر06)

ii) اقوام متحدہ کا ادارہ کب اور کیوں معرض وجود میں آیا؟ وضاحت کریں۔(نمبر06)

سوال نمبر34

i) کنفیوشس کے فلسفہ کے نظریات بیان کریں۔(نمبر05)

ii) لاؤزے کی تعلیمات بیان کریں۔(نمبر05)

سوال نمبر35

i) پنجاب کا موسمی تہوار کب اور کیسے منایا جاتا ہے؟ وضاحت کریں۔(نمبر05)

ii) ہولی تہوار کب اور کس مذہب کے لوگ مناتے ہیں؟ وضاحت کریں۔(نمبر05)

سوال نمبر36

i) ایک اچھے شہری کے فرائض بیان کریں۔(نمبر05)

ii) قانون سے انحراف کے نقصانات بیان کریں۔(نمبر05)

سوال نمبر37

i) ابراہیم لنکن کا سیاسی دور بیان کریں۔(نمبر05)

ii) مقدس آگسٹین کی ابتدائی زندگی کے بارے میں تفصیل سے بیان کریں۔(نمبر05)